© rasailojaraid.com

اس کے علاوہ جن ضروری فقہی مسائل کا سیرت کے کسی خاص محل سے خاص تعلق تھا ان کا بھی ذکر کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر فتح مکہ میں اراضی حرم کا حکم، عمرۃ القضاء میں نکاح محرم کی بحث غزوۂ خیبر اور فتح مکہ میں متعہ کی بحث اور خلافت و امامت کی بحث حجۃ الوداع میں وغیرہ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اعمام و عمات اور ان کی اولاد، امہات المومنین اور ان کے انساب اور صحابہ کرام کے آپس کے رشتوں کی تفصیلات بھی دی گئی ہیں۔ مشتبہ اسماء، مشکل الفاظ اور مقامات کا صحیح تلفظ بھی بتایا گیا ہے۔ آغاز میں فاضل مؤلف نے سیرت سے متعلق اہم مباحث اور تاریخ عرب قبل البعثت پر ایک مبسوط مقدمہ سپرد قلم کیا ہے۔

دوسرے حصے میں فاضل مؤلف کے پیش نظر دلائل النبوۃ، معجزات، شمائل اور تعلیمات وغیرہ پیش کرنا تھا مگر شاید یہ حصہ یا تو لکھا ہی نہیں گیا یا لکھا گیا تو شائع نہیں ہوا۔ بہر حال زیر نظر کتاب مندرجۂ بالا مباحث ہی پر مشتمل ہے اور اپنی خصوصیات کے لحاظ سے طالب علم حضرات کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

**عورت اسلامی معاشرے میں** مصنف: مولانا سید جلال الدین انصر عمری۔ ناشر: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ۔ شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔ قیمت اعلیٰ ایڈیشن: ۶ روپیہ۔ سستا ایڈیشن: ۳ روپیہ ۵ پیسے۔ ضخامت: ۴۵ صفحات۔

زیر نظر کتاب میں فاضل مصنف نے اسلامی معاشرے میں عورت کی سیاسی، تمدنی، تہذیبی اور معاشرتی حیثیت اور اس کے تمام پہلوؤں کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ہے۔ فاضل مصنف کا اصل مقصود یہ دکھانا ہے کہ اگر کسی معاشرے نے عورت کو اس کا صحیح مقام و مرتبہ دیا ہے تو وہ صرف اسلامی معاشرہ ہے۔ اس کے سوا تمام معاشروں نے خواہ وہ قدیم یونان و روم کا معاشرہ ہو یا جدید یورپ کا معاشرہ اور خواہ وہ ہندو معاشرہ یا عیسائی معاشرہ عورت کو غلط نقطۂ نظر سے دیکھا اور غلط سلوک کیا۔ ہماری رائے میں یہ کتاب اس موضوع پر اچھا تقابلی مطالعہ ہے۔

**التحریر فی اصول التفسیر** مؤلف: حضرت مولانا محمد مالک صاحب شیخ الحدیث دار العلوم

© rasailojaraid.com